نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

چین کے 20 رُکنی اعلیٰ سطحی وفد کا زراعت ہاؤس لاہور کا دورہ

وفد کا پنجاب کے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری اور تعاون کا عزم

پنجاب میں اعلیٰ بیج، معیاری زرعی ادویات، کھادوں، ڈرون ٹیکنالوجی، اعلیٰ استعداد کار نظام آبپاشی اور جدید زرعی مشینری میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: **29 اگست 2025**: چین کے 20 رُکنی اعلیٰ سطحی وفد کی میجر جنرل (ر) شاہد نذیر کے ہمراہ ایگریکلچر ہاؤس لاہور آمد ہوئی۔ وفد کی قیادت یوان جیانمن (Yuan Jianmin) نے کی۔ وفد نے پنجاب کے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کے امکانات اور سہولیات کا جائزہ لیا اور سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اجلاس کی صدارت وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کی۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔

وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب کا کل قابلِ کاشت رقبہ 29.65 ملین ایکڑ ہے اور کل ملکی زرعی پیداوار کا 70 فیصد پنجاب سے حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں اعلیٰ بیج، معیاری زرعی ادویات، کھادوں، ڈرون ٹیکنالوجی، اعلیٰ استعداد کار نظام آبپاشی اور جدید زرعی مشینری میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ مزید برآں محکمہ زراعت پنجاب اور گرین پاکستان انیشیٹو (GPI) پنجاب کی زراعت کو ٹرانسفارم کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ چین جدید زرعی ٹیکنالوجی میں گلوبل لیڈر ہے اور پنجاب پاکستان کی فوڈ باسکٹ ہے۔ زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور فارم میکانائزیشن کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ زرعی شعبہ میں فارم میکانائزیشن کے فروغ کیلئے چین کا تعاون ناگزیر ہے۔

اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل گرین پاکستان انیشیٹو میجر جنرل (ر) شاہد نذیر نے کہا کہ وفد کے پاس فصلوں کی بوائی سے لے کر برداشت تک پوری ٹیکنالوجی موجود ہے اور یہ وفد پاکستان میں جدید زرعی ٹیکنالوجی متعارف کرانے کیلئے پُرعزم ہے۔

اجلاس میں گرین پاکستان انیشیٹو کے لیفٹیننٹ کرنل (ر) وسیم احمد قریشی، بریگیڈیئر (ر) سہیل عشرت جبکہ سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل، ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن اعجاز منیر، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس زراعت محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، ڈاکٹر ساجد الرحمان، رانا تجمل، انجینئر ساجد نصیر و دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆